© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں درج ذیل وہ ہیں جو ہمیں لاہور سے علامہ رضاء الحسن صاحب نے بھجوائے ہیں ......فجزاہم اللہ احسن الجزاء......

۱......**حق و باطل کا فیصلہ** ...... یہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک مختصر سی تصنیف فیصل التفرقۃ بین الاسلام والزندقۃ کا اردو ترجمہ ہے جو مفتی دلشاد احمد قادری صاحب نے کیا ہے......آج کل جب کہ تکفیری توپیں ہر مسلک کے قلعوں پر فٹ ہیں اور مسلسل ایک دوسرے پر کفر کے گولے برسا رہی ہیں، بلکہ ہر مسلک کے اندر بھی ہم مسلکوں کو کافر قرار دینے کا کاروبار کافی عروج پر ہے اس کتاب کا شائع ہونا مفید خیال کیا جاتا ہے کہ شاید کہ اتر جائے کسی دل میں مری بات..........اس کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ امام غزالی اور دیگر اسلاف تکفیر میں جلد بازی کے قائل نہ تھے امام غزالی فرماتے ہیں میری وصیت ہے کہ اہل قبلہ جب تک لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے قائل رہیں، اس کو رد نہ کریں، ان کی تکفیر سے حتی الامکان اپنی زبان کو روکو......

کتاب کا ابتدائیہ علامہ محمد عطیف قادری نے لکھا ہے۔ ۶۴ صفحات کی یہ کتاب خوبصورت سرورق کے ساتھ عمدہ کاغذ پر شائع ہوئی ہے قیمت درج نہیں، کتاب حاصل کرنے کے لئے دارالاسلام جامع مسجد و محلہ مولانا روحی، اندرون بھاٹی گیٹ لاہور فون نمبر 0321-9425765 اور ای میل darulislam21yahoo.com ہے......

۲......**حدیث افتراق امت** ...... تحقیقی مطالعہ کی روشنی میں ...... یہ کتاب جناب شہید علامہ اسید الحق محمد عاصم قادری کا ایک مقالہ ہے جو ہندوستان کے ایک معروف علمی پرچہ جام نور میں قسط وار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شائع ہو چکا ہے۔مقالہ کا موضوع درج ذیل حدیث ہے: تفرقت الیھود علی احدی وسبعین او اثنتین وسبعین فرقة و النصاری مثل ذلک وتفترق امتی علی ثلاث وسبعین فرقة......(یہودی ۷۱ یا ۷۲ فرقوں میں تقسیم ہو گئے، اور اسی طرح نصاریٰ بھی تقسیم ہو گئے اور میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی) ۸۰ صفحات پر مشتمل اس مقالہ کے درج ذیل عنوانات اہم ہیں......حدیث افتراق کی اسنادی حیثیت، امتی کا مفہوم، کلھا فی الجنة الا واحدة میں کلھا فی الجنة کی اسنادی حیثیت، کلھا فی النار کا مفہوم، امام اشعری کی رائے، دیگر علماء کی آراء، اہل قبلہ کی تکفیر، کلھا فی النار پر مصنف کا موقف...........

کتاب خوبصورت کارڈ ٹائیٹل اور عمدہ کاغذ پر شائع ہوئی ہے قیمت درج نہیں ملنے کا پتہ دارالاسلام جامع مسجد ومحلہ مولانا روحی، اندرون بھاٹی گیٹ لاہور فون نمبر 0321-9425765 اور ای میل darulislam21yahoo.com

**۳......دعوت وتبلیغ کی راہیں مسدود کیوں؟ از: ذیشان احمد مصباحی**

یہ کتاب بعض پیشہ ور مبلغین واعظین، ائمہ وخطباء، اور مقررین کے مخصوص رویوں کا مرثیہ بھی ہے اور دعوتِ فکر بھی......اصل کے اعتبار سے یہ اصلاح کی ان کوششوں کا ایک حصہ ہے جسے شدت پسند مسلک پرست ہمیشہ سے رد کرتے چلے آئے ہیں کہ ایسے مصلحین کی باتوں کو مان لینے سے ان کا کاروبار متاثر ہوتا ہے، آسمان وعظ وتقریر پر چڑھی ہوئی ان کی گڈی ڈولنے لگتی اور پاؤنڈز، ڈالرز اور یورو کی آندھیاں تھمنے اور بارشیں رکنے کا خدشہ پیدا ہونے لگتا ہے......نیم برس یورپ کی ٹھنڈی فضاؤں میں اور چند ماہ اپنے ملک کی عوام کی گردنوں پر گزارنے والے ان شہزادوں کو ایسی باتوں سے گھٹن محسوس ہونے لگتی ہے اور ان کا دل ڈوبنے لگتا ہے......کتاب کے بعض عناوین حسب ذیل ہیں: دین قتال کی حیثیت سے اسلام کا تعارف، جدید ذرائع ابلاغ سے وحشت، عالم گیریت کے عہد میں علاقائیت، علماء میں دعوتی اسپرٹ کا فقدان، جدید علم الکلام سے گریز، دین میں تشدد، مبتلائے بوبکر وعلی کی حماقت مآبی، سلفیت وصوفیت کی جنگ میں بے اعتدالی، تصوف کی یرغمالی، اہل سنت کی تشریح میں ابہام، جمہوریت سے نا آشنائی، ...............

کتاب دعوت وارشاد کے نقطہ نظر سے لکھی گئی ہے......اور اس میں ہندوستانی ماحول میں دعوتی وتبلیغی صورتحال کا جائزہ پیش کیا گیا ہے اور پاکستانی ارباب بصیرت وبناض قلم کاروں سے التدعا کی گئی ہے کہ وہ اپنے قلم سے پاکستان کے مسلکی منظر نامے کو سامنے رکھتے ہوئے مرض اور اس کی تشخیص وعلاج پیش فرمائیں......

☆لا تنتظر شکرا من احد ویکفی ثواب الصمد وما علیک من جحد من جحد وحسد.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کتاب ۱۱۱ صفحات پر مشتمل ہے اور خوبصورت کارڈ ٹائیٹل کے ساتھ عمدہ کاغذ پر شائع ہوئی ہے۔ قیمت درج نہیں، کتاب حاصل کرنے کے لئے دارالاسلام جامع مسجد ومحلّہ مولانا روحی، اندرون بھاٹی گیٹ لاہور فون نمبر 0321-9425765 اور ای میل darulislam21yahoo.com ہے......

۴......دعوت دین کے جدید تقاضے

یہ کتاب ایک ہندی عالم جناب محمد ناصر مصباحی صاحب کی کاوش ہے جو مدرسہ معہد اسلامی حضرت پور توپ خانہ گیٹ رام پور سے متعلق ہیں ان کی سوچ اور اپروچ کیا ہے اس کا اندازہ ان کے ان الفاظ سے لگایا جاسکتا ہے وہ لکھتے ہیں: کہ گروہی تحفظات سے یکسر اوپر اٹھ کر سوچا اور کام کیا جائے، مثبت سوچ اور خدا ترسی اختیار کی جائے، دھاندلی کسی صورت برداشت نہ کی جائے اصولوں سے ہٹا نہ جائے اور فروع کو حدوں میں رکھا جائے۔ حلقۂ بریلی کے داخلی اختلافات کا بظاہر محور فروغ سنیت کی حکمت و رعایت ہے ہم اس سخت گیر دھڑے کے جملہ افراد کی نیتوں پر شک نہیں کرتے مگر یہ طبقہ سخت غلط فہمی کا شکار ہے اور مقصد سے بری طرح بھٹک گیا ہے۔ جس کی کڑی رہنمائی کی ضرورت ہے۔

پیشِ نظر کتاب دعوت دین کے جدید تقاضے اسی مقصد کے حصول کے لئے لکھی گئی ہے۔ کتاب ۱۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ ہدیہ درج نہیں ملنے کا پتہ: ملنے کا پتہ دارالاسلام جامع مسجد ومحلّہ مولانا روحی، اندرون بھاٹی گیٹ لاہور فون نمبر 0321-9425765 اور ای میل darulislam21yahoo.com

ایک اور تحفہ ہمیں جناب ڈاکٹر سید رضوان علی ندوی صاحب نے عنایت کیا ہے اور وہ ہے ان کی اپنی کتاب ......قرآن کی روشنی میں......ڈاکٹر صاحب بلا کے نقاد اور بلند پایہ عالم ادبیات و تاریخ اسلامی ہیں۔ ندوہ سے تعلق اور شام وسعودی عرب کے شیوخ سے تلمذ نیز عرب دنیا میں طویل تدریسی تجربہ ڈاکٹر صاحب کا خاص اثاثہ ہے......ان کا ذاتی کتب خانہ دس ہزار کتب سے کم پر مشتمل نہ ہوگا۔ اور تقریباً ہر بڑی کتاب پر ان کے نوٹس لگے ہوئے ہیں......انہوں نے متعدد کتب لکھی ہیں زیرِ نظر کتاب کے مباحث میں حسب ذیل قابل توجہ ہیں......قرآن میں عقیدہ توحید، قرآن اور رمضان، قرآن میں حج کے احکام، قرآن کا تصور جہاد، قرآن میں پردہ، خواتین کے حقوق وفرائض، قرآن اور بین الاقوامی معاملات، جنگ وامن کے قرآنی اصول، قرآن اور میڈیا، وغیرہ............

کتاب ۳۶۶ صفحات پر مشتمل ہے اور مرکز فہم قرآن کراچی نے شائع کی ہے اس کی

☆اذا اصبحت فلا تنتظر المساء وعش فی حدود الیوم، واجمع همك لاصلاح يومك.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قیمت ۲۵۰ روپے ہے اور یہ فضل سنز اردو بازار کراچی پر دستیاب ہے۔

اس ماہ کا ایک اور تحفہ......نبض ہے، **نبض ایک رسالہ ہے** جو ہر ماہ کراچی سے شائع ہوتا ہے، اس بار نبض کا جو شمارہ جناب طارق نثار صاحب نے ہمیں دیا ہے اس کے مشمولات حسب ذیل ہیں: سیلاب سے متاثرہ افراد کی صحت کو لاحق خطرات، معذوری اور تولیدی صحت، گرمی سے صحت کو لاحق خطرات، لڑکپن میں موٹاپا، ہیپاٹائٹس بی اور سی، جگر ہے یا کباڑیا، مرگی قابل علاج ہے، آنکھوں کے ذریعہ مہلک امراض کی نشاندہی، فطری علاج کے سو نسخے، ہلدی اور مرزا جی کی باتیں۔

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کا یہ ماہ نامہ ایک سنجیدہ اور معیاری مجلّہ ہے اس کا مطالعہ ہر گھر کے افراد کو کرنا چاہئے......اس کی فی شمارہ قیمت ۴۰ روپے اور سالانہ ۴۸۰ روپے پلس ڈاک خرچ ہے۔ ملنے کا پتہ: ماہنامہ نبض، پی ایم اے ہاؤس سر آغا خان سوم روڈ کراچی۔


مفتی سید صابر حسین صاحب کی کتاب

# سرمایہ کاری کے شرعی احکام

اسلامی بینکاری اور تکافل کے شعبہ سے وابستہ ماہرین، اساتذہ طلبہ اور شائقین علوم اسلامیہ کے لئے مفید کتاب

☆☆

☆☆☆

ملنے کا پتہ مکتبہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور......کراچی

مدنی کتب خانہ متصل مدنی مسجد جامعہ انوار القرآن گلشن اقبال بلاک ۵ کراچی


☆اترک المستقبل حتی یاتی ولا تہتم بالغد لانک اذا اصلحت یومک صلح غدک۔☆

© rasailojaraid.com